
4822CH10

# بُڑھیا اور چِڑیا کی کہانی



© NCERT not to be republished

آؤ بچّو گیت سُنائیں
گیت سنائیں خوٗب ہنسائیں
اِک بُڑھیا نے چڑیا پالی
ننّھی منّی، بھولی بھالی
بڑھیا بیٹھی کھیر پکاتی
چڑیا بیٹھی گیت سُناتی
اِک دِن بُڑھیا بھوٗکی آئی
جلدی جلدی کھیر پکائی



مُنھ دھو کر وہ کھانے بیٹھی
چڑیا گیت سنانے بیٹھی
بُڑھیا نے سب کچھ کھا ڈالا
چڑیا کو بھوکا ہی ٹالا
چڑیا جب پنجرے میں آئی
بھوک سے اُس کو نیند نہ آئی
چوں چوں چوں چوں کرکے روئی
ساری رات اِسی میں کھوئی
صبح ہوئی اور مرغا بولا
بُڑھیا نے تب پنجرا کھولا
پیار سے جب اس کو پُچکارا
چڑیا نے چونچوں سے مارا
بڑھیا بھاگی گھر میں آئی
مُٹھی بھر کر دانہ لائی
جب بڑھیا نے دانہ کھِلایا
تب چڑیا نے گیت سنایا

(برکت علی فراق)

© NCERT not to be republished

## مشق

1 نیچے لکھے ہوئے الفاظ کو بلند آواز سے پڑھیے:

چِڑیا بُڑھیا چونچ پِنجرہ چُمکارا

2 سوچیے اور بتائیے:

(i) چڑیا بڑھیا کو گیت کب سناتی تھی؟

(ii) چڑیا کو رات بھر نیند کیوں نہیں آئی؟

(iii) بڑھیا نے چڑیا کو کیسے منایا؟

3 اس نظم میں الفاظ 'چوں چوں' آئے ہیں۔ یہ چڑیا کی آواز ہے۔ نیچے دی ہوئی آوازوں کے سامنے ان کے پرندوں کا نام لکھیے۔

کائیں کائیں -----------

غُٹرغوں -----------

ٹیں ٹیں -----------

کوٗ کوٗ -----------

پیہو پیہو -----------

© NCERT not to be republished

## 4 نیچے لکھے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیے اور واقعے کو پورا کیجیے:

(i) کیا آپ اتوار کو چڑیا گھر کی سیر کرنے گئے تھے؟
(ii) آپ چڑیا گھر کی سیر کرنے کس سواری سے گئے تھے؟
(iii) چڑیا گھر کی سیر کرنے آپ کے ساتھ کون کون گیا تھا؟
(iv) چڑیا گھر میں آپ نے کیا کیا دیکھا؟
(v) چڑیا گھر میں آپ کو کس جگہ سب سے زیادہ لطف آیا؟
(vi) آپ گھر کب واپس لوٹے؟

## 5 اس نظم سے چڑیا کی دو خوبیاں تلاش کرکے لکھیے۔

## 6 عملی کام:

(i) اس نظم کو نثر میں لکھیے۔
(ii) پرندوں کی تصویریں جمع کیجیے اور انھیں اپنی کاپی میں لگائیے۔



© NCERT not to be republished